لکم فیہا فواکہ کثیرۃ ومنہا تاکلون

الحمد للہ کہ

فہرست قلمہائے انبہ

کارخانہ

جناب خواجہ سید کاظم حسین صاحب رئیس قصبہ شاہ آباد ضلع ہردوئی

باہتمام سپرنٹنڈنٹ مطبع

مرقع عالم پریس ہردوئی مین چھپی

جلد ۱۰۰۰

فہرست کارخانہ ہذا بابت سنہ ۱۸۹۸ء جو اول مین
شائع ہو چکی ہے اور اب سنہ ۱۹۰۰ء مین وہ ترمیم ہوئی ہی بدینوجہ
وہ اب منسوخ ہی۔ اب کارخانہ اُسکا پابند نہین ہی۔ حال مین
اب اس فہرست سنہ ۱۹۰۰ء کا کارخانہ پابند رہیگا

راستی موجب رضائے خداست کس ندیدم کہ گم شد از رہِ راست	

قبل اسکے کہ آپ اس فہرست قلم ابنہ کو ملاحظہ فرماوین۔ میری گذارش ہے کہ میری یہہ مختصر تقریر کہ جسمین میرا اور آپ کا مفاد متصور ہے براہ کرم گستری سُن لیجے گو آپکی سمع خراشی ضرور ہوگی۔ اور بے بہا اوقات مین فرق آئیگا۔ مگر یہہ خاکسار بیحد ممنون اور شکر گذار ہوگا۔ بعد اسکے اگر آپکا دل اور تجربہ کاری اجازت دیوے تو اس کارخانہ سے کہ جو خاص اسوقت قومی ہمدردی اظہار کر رہا ہے اور اپنی راستی پر نازان ہے کوئی معاملہ کیجیے گا گو سردست کوئی شہادت اور ثبوت کافی کمترین کے پاس موجود نہین ہے کہ اس کارخانہ کی ایمانداری اور راست گفتاری کے لئے پیش کرے مگر انشاء اللہ تعالےٰ بعد چند عرصہ کے اس کارخانہ کے

سچائی حال بخوبی واضح ہوگا۔ اگر کوئی صاحب اسوقت امتحان کرنا چاہین تو خیر ممکن ہے ہان جسوقت فصل انبہ موجود ہوتی ہے اوسوقت قبل خریداری سے بہی امتحان ہوسکتا ہے۔ مگر یہ موقع تو فصل کے موجودگی پر ملسکتا ہے۔ بغیر موجودگی فصل انبہ یہ امر بہی غیر ممکن ہے۔ اللہ تعالے جل شانہ نے ہزارون چیزین اس قسم کی بہی پیدا کی ہین کہ جسکی خوبی اور برائی دیکھنے سے فوراً ظاہر ہوتی ہے۔ اور ہر ذی شعور اچھی اور بُری کی تمیز کرکے اوسکو خرید کر سکتا ہے۔ جنابمن۔ یہ درخت۔ وہ شی ہے کہ جبوقت تک بار آور ہنو آپکو اُسکی عیب اور ہنر پر کیونکر وقفیت ہوسکتی ہے اوسکی پتی اور ٹہنیون سے یہ بات ہرگز نہین معلوم ہوسکتی ہے کہ اسمین جو پہل آویگا وہ اچہا ہوگا یا برا ہوگا تو بس یہ امر فروشندہ کے ایمانداری پر ہے۔ اب اس کارخانہ کی سچائی اور ایمانداری انشاء اللہ بہت جلد ملاحظ فرماوینگے۔ مین نے اس کارخانہ مین وہ بہتر انتظام کیا ہے کہ بعونہ تعالے کبہی کسی اہل معاملہ کو موقع شکایت کا ہاتہ نہ آویگا جسقدر عبارت اس فہرست کارخانہ ہذا مین تحریر کیگئی ہے۔ بہت ہی سچ ہے۔ بروقت امتحان تحریر سے زیادہ لطف حاصل ہوگا۔ ہان البتہ ایک بات کا ذمہ نہین ہوسکتا ہے وہ یہ ہے۔ کہ وزن انبہ کی کمی اور بیشی۔ اس لئے کہ یہ بات زمین کی اچہائی اور بُرائی پر منحصر ہے۔ مین نے اپنی فہرست مین جو وزن تحریر کیا ہے وہ اوسیقدر ہے کہ جسقدر میرے یہان وزن پہل کا ہوا ہے اور مین نے خود وزن کیا ہے۔ جو صاحب درخت نصب فرماوین وہ اول کتاب اثمار کو ملاحظ فرماکر اگر درخت نصب فرماوینگے

تو ہین مناسب ہوگا اس کارخانہ - ہے جو درخت آپ طلب فرماوینگے وہ ہی پاوینگے
کبھی فرق نہوگا اگر سہواً کسی اتفاق سے کسی درخت کی روانگی مین ردوبدل ہوبھی جاویگا
تو اوسکے بدل دینکا یہہ کارخانہ ذمہ دار ہے اور اوسکا صرفہ اور محصول وغیرہ جملہ کارخانہ کے
ذمہ ہوگا - راجی رحمت رب کونین عاصی بندہ خواجہ سید کاظم حسین خلف
اکبر خواجہ سید محمد شاہ صاحب مرحوم و مغفور رئیس قصبہ شاہ آباد ضلع
ہردوئی - متعلقہ ملک اودہ - جملہ شائقین قلم انبہ کی خدمت عالی درجت مین
عرض کرتا ہے کہ اس خاکسار کو ابتدائے عمر سے قلم انبہ کا شوق بمنزلہ عشق
کے رہا - فراہمی اقسام انبہ مین جو دقتین اور مشکلین پیش آئی ہین - عرض نہین کرسکتا
مجھی یہہ خبط - دامنگیر تھا کہ قلمرو ہندوستان مین کوئی آم جو مشہور اور معروف ہے
رہ نہ جائے کہ جو میرے یہان باغچہ مین نہو - گو ہزارون دقتین گذرین اور زر کثیر میرا صرف
ہوا لیکن بعنایت الہی ارادہ میرا پورا ہوا کہ ہر کارخانہ و ہر مقام مشہور کا کوئی آم باقی نرہا
کہ جو مجھہ خاکسار نے بہم نہونچایا ہو - چونکہ ہمیشہ سے یہہ قصبہ شاہ آباد عہد
سلاطین تیموریہ سے بوجہ عمدگی آم کے سربرآوردہ رہا ہے - یہان کے آم بسبب
اپنی خوبی و لطافت اور خوش ذائقہ ہونیکی تمامی ہندوستان مین مشہور و معروف
ہین - لیکن فی زمانہ بمصداق جدید لذیذ بوجہ اکثر اقسام جو اکثر مقامات مختلفہ
سے مثل کارخانہ شیخ خادم حسین صاحب بھاگلپوری و کارخانہ نورالدین خانصاحب
کلکتہ - و کارخانہ ہتو گوپال کلکتہ و کمپنی باغ کلکتہ - دربھنگا - مرشد آباد و بمبئی

و مالدہ و کمپنی باغات دیگر مقامات و ملیح آباد۔ و فرخ آباد۔ و رامپور۔ و پیلی بھیت
و رای بریلی۔ سہارنپور۔ کاکوری۔ و کارخانہ فدا حسین خانصاحب بہرگوان
شاہجہانپور۔ لکھنؤ۔ ہردوئی۔ بلگرام۔ قصبہ پالی۔ سانڈی۔ جلال آباد
مؤ شاہجہان پور۔ شیرپور۔ خاص کارخانہ حکیم خادم حسین خانصاحب شاہ آبادی
مذکورہ وغیرہ سے بصرف زر کثیر جمع کیے گئے اور وہ اشجار جو باغات مختلفہ قصبہ شاہ آباد مذکورہ مین
تخمی تھے کہ جنکی وجہ سے قصبہ مذکور نے دور دور شہرت پائی ہے۔ راقم نیاز مند نے اوس
بحر ذخار کو بکمال عرق ریزی و جانفشانی بہ محنت کمال ایک کوزہ مین بند کیا یعنی اون اشجار مذکورہ
بالا سے ہر درخت کی قلم بہم پہونچائی۔ جب بعد انتظار و محنت بسیار وہ جملہ اقسام انبہ ہر ملک
و دیار کے بارآور ہوئے تو پوری حقیقت سے وقفیت ہوئی اکثر اصحاب نے اپنی اپنی
فہرستون مین تعریف مبالغہ آمیز کرکے اکثر ناقص قلم انبہ کو بقیمت گران میرے ہاتھ فروخت کیے
لیکن جب وہ درخت بارآور ہوئے تب ساری قلعی اونکی کھل گئی۔ یعنے اونکے پھلون نے
حنظل اور سقمونیا کی کیفیت دکھلائی بالکل معمولی اور بدذائقہ پائے گئے مجبوراً کاٹنا پڑے
بعضے درخت ایسے نکلے کہ جنکے پھلون مین سوائے اختلاف نام کے اور کوئی فرق نہ تھا رنگ
و بو و ذائقہ و صورت و سیرت جملہ ایک تھی لیکن صرف نام اونکے ہر کارخانہ مین مختلف
پائے گئے۔ اس قسم کے اور تو صدہا درخت موجود ہین۔ مگر مین بیان پر صرف مثالاً۔ ایک درخت
یعنے لنگڑہ۔ بنارسی کو پیش کرتا ہون۔ ملاحظہ فرمائے۔ یہ ایک ایسا درخت مشہور ہے کہ
ہندوستان مین کوئی شخص ایسا نہوگا کہ جو اس سے واقف نہوگا۔ یہ درخت خاص بنارس و دیگر

مقامات مین لنگڑہ بنارسی کے نام سے مشہور ہے۔ اور فرخ آباد۔ ونیز اطراف فرخ آباد مین یہہ درخت ٹکاری کے نام سے مشہور ہے۔ اور وجہ ٹکاری کے نام سے مشہور ہونیکی یہہ ہے کہ راجہ ٹکاری نے نواب رئیس فرخ آباد کو اس کا قلم تحفہ مین دیا تھا۔ اور کلکتہ مین لونگڑی اور ڈیویٹ فورٹ کے نام سے مشہور ہے۔ اور حاجی پور مین لنگڑا حاجی پور کے نام سے مشہور ہے۔ علی ہذا اس قسم کے انبہ بہت ہین کہ اصلیت اونکی ایک ہے اور نام مین اونکے اختلاف کردیا گیا۔ مدعا میرا اس تمہید سے اسقدر ہے کہ اس خاکسار نے اپنے کارخانہ مین کوئی نام کسی انبہ کا تبدیل و بدل نہین کیا ہے۔ بلکہ جو اصلی نام بعد تلاش و تحقیقات کرکے وہ ہی تحریر کئے ہین جس انبہ کے نام مین اختلاف تھا اُسکی تشریح صاف طور سے اپنی فہرست مین اسطرح پر کردی ہے کہ ایک ہی خانہ مین کل نام اوسکے تحریر کردے ہین اور آگے اوسکے اوسی خانہ کے کیفیت کے خانہ مین شرح اوسکی تحریر کردی ہے کہ یہہ کُل نام اس ایک ہی انبہ کے ہین۔ تاکوئی اور شائقین مین سے مثل میرے دہوکہا نہ کہاوے اور جسقدر اقسام انبہ اس کمترین کے باغمین موجود ہین۔ وہ ذاتی تجربہ سے انتخاب شدہ ہین اور جس انبہ مین جو اچھائی یا بُرائی تہی کمترین نے خانہ شرح مین اوسکی کیفیت بے کم وکاست تحریر کیا ہے۔ اور اپنی فہرست مین یہہ انتظام کیا ہے کہ جو درخت ابھی میرے باغمین بارآور نہین ہوا ہے اوسکو تحریر نہین کیا ہے اور جب تک وہ درخت بارآور نہوگا اوسکا درخت کارخانہ فروخت نہ کریگا۔ اب باغ میرا بفضلہ تعالےٰ طیار ہے فی الحال میرے دلمین قومی ہمدردی نے جوش پیدا کرکے اس امر پر آمادہ کیا۔ کہ جسطرح مجکو طیاری باغ وفراہمی قلم انبہ مین جو دقتین پیش

آئے ہین وہ میرے ہمدردون کو بہی یہہ ہے دقتین پیش آتی ہونگی یہہ سمجہکر مین نے اس
کارخانہ قلم انبہ کو ۱۸۹۵ء سے جاری کیا ہے جو فہرست ۱۸۹۶ء کو شائع ہو چکی ہے۔
اوسمین (۵۹۶) اقوام انبہ کے شائع ہوے ہین مگر اس فہرست ۱۹۰۰ء سے اون اقسام
کو مین نے فہرست سے خارج کردیا ہے کہ مجہکو بعض بعض وجہ سے بطور خود ناپسند تہے
یہہ کارخانہ قلم انبہ کا مین نے خاص اس نیت سے کہولا ہے۔ کہ جو دقتین مجہے پیش آچکی ہین
وہ میرے برادران قوم شائقین قلم انبہ کو پیش نہ آوین تو میری جانفشانی اور دردسری کا
بہتر ثمرہ نتیجہ یہہ ہے کہ اونکو کچہہ فائدہ پہونچے اس کارخانہ جملہ انتظام اپنے ذمہ رکہا ہے
مین نے جملہ کارخانہ جات قلم انبہ سے اپنے کارخانہ مین ہر قلم انبہ کی قیمت ارزان اور بہت
ہی کم رکہی۔ دیگر کارخانون کی فہرست مین (۱۹) اقسام انبہ کی قیمت مساوی ہے جنمین سے
(۶) درخت ایک روپیہ قیمت کے ہین۔ (۱۰) درخت آٹہہ آنہ کی قیمت سے ہین اور (۳)
درخت بارہ ۱۲ آنہ کی قیمت کے ہین۔ باقی جملہ درختون کی قیمت نصف اور چہارم مین نے گہٹا
دی ہے جو بوقت میلان فہرست کارخانجات دیگر سے آپکو بخوبی ثابت ہو سکتی ہے۔ خریداران
عالی وقار کو لازم ہے کہ دیگر کارخانجات کی فہرست بہی اول طلب کر کے میلان کرلین بعدہٗ
اگر اونکی تجربہ کاری اجازت دیوے تب میرے کارخانہ سے قلم طلب فرماوین یہ حقیقت تو
میلان فہرست انبہ پر بخوبی ظاہر ہوگی۔ میرے یہان جملہ قلم ہاے انبہ سہ سالہ بودون پر باندہی
جاتی ہین اور ایک سال کامل ذخیرہ مین رکہی جاتی ہین۔ اوسکے بعد فروخت ہوتے ہین
علے العموم دیگر کارخانجات وکپنی باغات سے بہتر اور نفیس ہوتے ہین اونکے ضایع اور خشک

ہونے کا بہ نسبت دیگر کارخانجات کے بہت کم احتمال رہتا ہے۔ اور روانگی قلم انبہ کا یہ قاعدہ ہے کہ چیڑ کی لکڑی کا بکس کہ جو ہر چہار طرف سے آہنی پتیوں سے مضبوط اور مستحکم کر دیا جاتا ہے ہر بکس۔ مین موسم بارش مین (۶) درخت قلم انبہ کی بہ احتیاط تمام اور موسم سرما و گرما مین فی بکس (۴) درخت روانہ ہوتے ہین۔ بکس کا وزن معہ درختون کے ہر موسم مین خواہ کوئی موسم ہو۔ تخمیناً ایکمن سے زیادہ نہین ہوتا ہے اور بکس کی قیمت فی بکس (۴) ہے جو ذمہ خریدار ہوتی ہے اور مزدوری یک بکس کی لیجانے کی کارخانہ سے اسٹیشن ریلوی تک جسکو ایک قلی لیجاتا ہے (۲) مقرر ہے۔ اور اسٹیشن ریلوی سے کارخانہ تک ساڑھے تین میل کا فاصلہ ہے۔ مزدوری فی گاڑی کا (کرایہ) کارخانہ سے اسٹیشن ریلوی تک ایک مرتبہ لیجانے کے (۸) مقرر ہے اور ایک گاڑی پر زیادہ سے زیادہ ۱۵ پندرہ بکس تک جا سکتے ہین۔ اور اسٹیشن ریلوی پر اجرت فی بکس تین پائی قلی کو بکس لادنے کی ریل پر دی جاتی ہے۔

جو صاحب قلم انبہ میرے کارخانہ سے طلب فرماوین وہ ذیل کے شرائط ملاحظہ فرماوین۔ کارخانہ اپنی شرائط سے تجاوز نکریگا۔ فہرست ۱۹۰۸ء سے صرف ایک شرط (۹) زائد کیگئی ہے۔ اور شرط (۸) ترمیم کیگئی ہے۔

۱۔ الف۔ یہ کہ ہمیشہ نقد قیمت پیشگی و محصول ریل و دیگر صرفہ وغیرہ ہمراہ فرمائش آنا چاہیے **ویلوپی ایبل** یا بلا قیمت بعد کو قیمت وصول کرنے پر درخت کارخانہ ہذا سے نہ روانہ ہونگے۔

۲ ب یہ کہ نام اور پتہ اپنا صاحب فرمائش کو معہ نام ڈاکخانہ وضلع ریلوی اسٹیشن کہ جہان درخت منگوانا منظور رہو صاف لفظون مین تحریر کرنا چاہئے شکست تحریر نہو۔ اردو۔ انگریزی۔ ہندی۔ ناگری خط ہر قسم کا کارخانہ مین آسکتا ہی اور تعمیل ہوسکتا ہے۔ خط پیڈ یا کارڈ ہو۔ بیرنگ خط کارخانہ واپس دیگا۔

۳ ج یہ اگرچہ ہماری یہان روانگی فرمائش کا انتظام بہت سے جلد باحتیاط کمال ہوتا ہے مگر تاہم ایک ہفتہ کامل بہ نظر احتیاط صاحب کو فرمائش کو اپنی فرمائش کی روانگی کا انتظار کرنا ہوگا۔ اگر کثرت کار سے یا احتیاطاً غلطی سے کوئی قلم بدلکر بغیر فرمائش روانہ ہوگا بشرطیکہ اوسپر ہماری کارخانہ کا نمبر پڑا ہوگا۔ تو ہم درخت بدلکر روانہ کردینگے۔ اور خرچہ آمدرفت کا ہمارے ذمہ عاید ہوگا۔

۴ د۔ یہ کہ جس شخص کو عجلت ہو یا دیگر مقامات دور دراز سے قلم منگوانا ہو تو اوس شخص کو لازم ہے۔ کہ بذریعہ (تار) اطلاع دے اور قیمت بھی معہ خرچہ بذریعہ تار بھیجدے تو اوس صورت مین مال جلد پہونچیگا۔ حتی الامکان روانگی فرمائش کی بہت جلد کوشش ہوگی۔ ورنہ مال عرصہ مین پہونچیگا۔ اور صاحب فرمائش کو بلا عذر لینا ہوگا۔ اور کوئی عذر قابل سماعت نہوگا۔ اور نہ کوئی دعوے وغیرہ ہمپر ہوسکیگا۔

۵ س یہ کہ جو درخت ابھی کارخانہ ہذا مین بار آور نہین ہوے ہین اونکے قلم اپنے ذمہ داری کارخانہ فروخت نکریگا۔ ہان خریداروں کی خواہش اوسکی خریداری پر اگر زیادہ ہوگی تو بشرط گنجائش درخت قلم بند ہوا کر روانہ ہوسکتا ہے۔ مگر اوسکی بھلائی اور برائی پھل کا کارخانہ ذمہ دار نہوگا۔

۶ س سیہ کہ جب درخت کارخانہ ہذا سے روانہ ہو کر ملازمان ریلوی کے سپرد کی ہین دیئے جاوینگے تو پہر کارخانہ ذمہ وار بربادی وغیرہ کا نہو گا۔ صرف کارخانہ اپنی ذمہ داری ریلوی اسٹیشن تک کر سکتا ہے۔

۷۔ ک سیہ کہ کمیشن وغیرہ خریدار کو یا کسی خریدار کے ملازم یا مالی وغیرہ کو کسی قسم کا ندیا جاویگا

۸۔ ل سیہ کہ اکثر اقسام کے قلم انبہ کارخانہ ہذا مین طیار مل سکتی ہین۔ مگر جملہ اقسام کے قلم مندرجہ فہرست ہذا بغیر کسی خاص فرمائش کے طیار نہین ملسکتے ہین۔ اس قسم کے خریدار کو لازم ہے۔ کہ اول وقت سے کارخانہ ہذا کو اپنی فرمائش سے اطلاع دے۔ مالک کارخانہ ہذا بموجب تحریر کے فرمائش کو مندرجہ رجسٹر کر کے درخت بموجب فرمایش کے بند ہو اکر صاحب فرمائش کو اطلاع دیگا۔ اور وقت طیاری قلم انبہ کے اگر صاحب فرمائش اپنی فرمائش کے خریداری سے انکار کریگا تو کارخانہ اون درختان کی قیمت اور خرچہ عدالت وغیرہ بذریعہ عدالت وصول کر لیگا۔ اس قسم کے خریدار کو لازم ہے کہ بہت سوچ سمجھکر اپنی فرمائش کو کارخانہ ہذا مین بہیجے۔

۹۔ م سیہ کہ فی قلم تین پائی خریدار کو علاوہ قیمت کے حق باغبان کارخانہ کو دینا ہو گا۔

۱۰۔ ن۔ خط و کتابت بنام خواجہ سید کاظم حسین رئیس قصبہ شاہ آباد۔ مالک کارخانہ ہذا ہونا چاہیے مگر نام مالک کارخانہ ہذا صحت کے ساتھ تحریر ہو۔ کیونکہ اس قصبہ مین ایک کارخانہ قلم انبہ حکیم خادم حسین خانصاحب معہ فہرست ایکمدت سے جاری ہے۔ اور نام اوس کارخانہ کے مالک کا اور میرا بہت ہے قریب ہے صرف اتنا فرق ہے۔ کہ وہ قوم کی پٹھان ہین

اور نام اون کا حکیم خادم حسین خان ہے اورمین قوم کا سید ہون میرا نام خواجہ کاظم حسین ہے اگر خط کے لفافہ پر نام صحت کے ساتھ نیازمند کا تحریر نہوگا تو خط کی تبدیل و بدل کا احتمال ہے فہرست کارخانہ ہذا درخواست کی آنے پر فوراً بلغیر قیمت روانہ ہوگی۔ مگر ٹکٹ ۰ ر آدہ آنہ ہمراہ فرمایش آنا چاہیے۔

(۱) نام اسٹیشن ریلوی شاہ آباد کا انجہی اور روہیلکھنڈ ریلوی ہے۔

جو صاحب بنام کارخانہ ہذا خط تحریر فرماوین وہ اس پتہ سے تحریر فرماوین۔ قصبہ شاہ آباد ضلع ہردوئی محلہ بالائے کوٹ بر ڈیوڑہی کلان ملک اودہ پاس خواجہ سید کاظم حسین رئیس قصبہ شاہ آباد کے پہونچے۔ المشتہر خواجہ سید کاظم حسین۔ یکم جنوری ۱۹۰۰ء

مکرر یہ کہ (۱) فہرست ۱۸۹۰ء مین (۵۹۰) اقوام شایع ہوئی تہی جسمین سے (۳۴۴) اقوام بارآور تہے اور (۲۴۶) اقسام بارآور نہ تہے۔ چنانچہ اون بارآور اقسام مین سے بوجہ چند در چند (۶۵) اقسام اس فہرست ۱۹۰۰ء سے منسوخ کردیے ہین اور باقی اقسام جو بارآور میرے کارخانہ مین نہین تہے اور اونکے نام ضمیمہ مین فہرست ۱۸۹۰ء کی شایع ہوئے تہے۔ ابکی مرتبہ اس فہرست ۱۹۰۰ء سے اون درختون کے جو بارآور نہوے تہے اونکے نام نہین لکہے ہین۔ بدین خیال ایک تو خرچہ چہپوائی زیادہ پڑتا ہے اور دوسرے جب وہ بارآور نہین ہوتے ہین تو اونکی نام شایع کرنے سے کوئی فائدہ نہین ہے پس اونکا ہونا نہ ہونا یکسان ہے۔ جو درخت اونمین سے بارآور ہوتا جائیگا اور قابل پسند راقم کے ہوگا ہر سال اوس فہرست جدید جو طبع ہوتی رہتی ہے اوسکے ضمیمہ مین درج

ہوتا رہے گا۔ فہرست ۱۹۰۰ء جو بہ ترمیم ہو کر جدید طیار ہوے ہے اب اسمین کوئی رد بدل نہ ہوگا اور نہ کوئی نمبر منسوخ کیا جاے گا۔ اور جو درخت جدید بارآور ہوئے ہین اور فہرست ۱۸۹۰ء مین وہ خانہ بارآوری مین نہین لکھے تھے اکثر اونمین سے اس فہرست جدید ۱۹۰۰ء مین داخل کیگئی ہین۔ جنکو کہ راقم نے اس قابل سمجھا۔

المستہر

خواجہ سید کاظم حسین۔ یکم جنوری ۱۹۰۰ء

نمبر شمار	نام درخت	وزن	ایام پختگی	قیمت	کیفیت
۱	انگوری آمن	آدہ سیر	جون اساڑہ	ع؍	بیہ آم جیہ جیلہ پختہ کالا نبا خوبصورت شیرین نفیس بے ریشہ بکثرت پہلنے والا پوست باریک بوباس کا اچہا شاہجہانپور کا قدیم مشہور آم ہے۔
۲	آمن وصی اللہ خان	ڈہائی پاؤ	جون اساڑہ	عہ؍	شیرین شاداب پرمغز نفیس تخم خورد پوست باریک بے ریشہ بکثرت پہلنے والا پختہ آم پندرہ روز رکہنے سے خراب نہیں ہوتا ہے۔
۳	آمن پر لیا والی	ایک سیر	جولائی ساون	عہ؍	شیرین پرمغز تخم خورد بے ریشہ۔
۴	آمن بینی	آدہ پاؤ	اساڑہ جون	۸؍	شیرین خستہ لذیذ - جملہ عیوب سے پاک۔
۵	آمن دہری - نرالی آمن کم یاب	یکپاؤ	اساڑہ جون	عہ؍	پوست باریک تخم خورد بی ریشہ شیرین نفیس لذیذ رس دار ہمہ صفت موصوف یہ سب ثمر ایک ہی آم کے ہیں۔
۶	آمن بڑی والی	آدہ پاؤ	جون اساڑہ	عہ؍	رنگ سبز کاہی پوست باریک پرمغز تخم خورد شیرین نفیس ہمہ صفت موصوف جملہ عیوب سے پاک بوباس کا اچہا نہایت دیر پا ساون سے پختہ ہوتا ہے اور بہادون تک رہتا ہے۔
۷	آمن مقبرہ والی	آدہ سیر	؍؍	؍؍	یہ لانبا آم مثل ککڑی کے ہوتا ہے رنگ اوپر کے حصہ کا سُرخ نیچے کا حصہ سفید پوست باریک تخم متوسط

//	//	//	//	//	چھاتی پر ریشہ ہی شیریں - رس دار بکثرت پھلنے والا - نہایت خوبصورت قابل دید ہوتا ہے۔
۸	آمن بھوری بیگم صاحبہ	ادہ سیر	ساون جولائی	۱۲ ار	شیریں - لذیذ - شکیل - رنگ بھورا - لانبا آم ہوتا ہے۔
۹	آمن محمد خان	ڈیڑھ پاؤ	اساڑھ جون	۸ ر	پوست باریک بے ریشہ شیریں بکثرت پھلنے والا بیل کی بو آتی ہے۔
۱۰	آمن چودھریوں والی	ڈیڑھ پاؤ	//	عہ	شیریں نفیس لذیذ پر مغز تخم خورد بے ریشہ ہو یا بکثرت پھلنے والا قابل قدر جملہ عیوب سے پاک بوباس کا اچھا
۱۱	آمن دوشاخی	یکپاؤ	اساڑھ جون	۸ ر	پوست باریک بے ریشہ نہایت شیریں - بیل کی بو آتی ہے۔
۱۲	آمن شمس آبادی	ڈیڑھ پاؤ	//	//	شیریں بوباس کا اچھا - رس دار - چھاتی پر ریشہ رکھتا ہے۔
۱۳	آمن سریان				
۱۴	آمن جگونو والی				

نمبر	نام درخت	وزن	ایام پختگی	[illegible]	کیفیت
۱۵	آمن ناصر خان				
۱۶	آمن ڈھیگی والی گھنا باغ				
۱۷	امرود علی باغ	یکپاؤ	اساڑھ جون	عہ	بے ریشہ تخم خورد پُرمغز شیرین نفیس نرم پوست باریک امرود کی بو آتی ہے دیگر کارخانہ مین اسکے قلم کی قیمت عہ مقرر ہے ہان البتہ بے شک نفیس ہے۔
۱۸	امرود مرشد آباد	آدہ پاؤ	”	”	پوست باریک پُرمغز بے ریشہ شیرین بہنایت شاداب نفیس بو باس کا بیحد اچھا تخم خورد بکثرت پہلنے والا دیرپا جملہ عیوب سے پاک بہمہ صفت موصوف مندرجہ فہرست کارخانہ جملہ اقسام امرود سے برآوردہ ہے الا امرود کی بو نہین آتی ہے۔
۱۹	امرود محمد حسن خان	یکپاؤ	ساون جولائی	عہ	پوست سبز کاہی - چتی دار پُرشیرہ شیرین - دیرپا - بکثرت پہلنے والا نخبہ امرود کی بو باس بالکل رکہتا ہے - فہرست ہذا کی جملہ اقسام امرود سے زیادہ اسمین بو امرود کی آتی ہے۔

۲۰	آمن سفید لقمان خان				
۲۱	آمن سفید گھنا باغ				
۲۲	اناناس شاہ آباد	آدہ سیر	ساون جولائی	عہر	پوست باریک بے ریشہ تخم خورد نفیس بکثرت پھلنے والا۔ شیرین رس دار پختہ ام مین اور اناناس اصلی مین کوئی فرق نہین ہے۔ شاہ آباد کا قدیم مشہور آم ہے۔
۲۳	اناناس فتح پور لاٹ کمپو لاٹ کمپنی	دو سیر	ساون جولائی	عہر	صورت کا حسین قد و قامت کا بڑا۔ شیرین۔ بکثرت پھلنے والا۔ بے ریشہ ذائقہ نہایت نفیس جس باغ مین پھلتا ہے اوسکی زینت ہو جاتی ہے یہ آم بازار شاہ آباد مین مبلغ ایکسو روپیہ سیکڑہ تک فروخت ہوتا ہی یہ سب نام اس ایکہی آم کے ہین مگر بو اناناس کی نہین آتی ہی دیگر کارخانہ مین اسکی قلم کی قیمت ادو روپیہ مقرر ہی
۲۴	الفنفرو ۔ سفلی بمبئی کلکتیا بمبئی چھوٹا گیر ساپاٹ	ایکپاؤ	جون اساڑہ	عہر	رنگ سبز پوست باریک چکنا پر مغز بے ریشہ شیرین شاداب خوشگوار یہ سب نام اس ایکہی آم کے ہین دیگر کارخانہ مین اسکے قلم کی قیمت دو روپیہ ہی۔ مولف کتاب الاثمار نے بھی اسکی بہت کچھ تعریف لکھی ہے
۲۵	ابو انبہ	دو سیر	جون اساڑہ	عہر	یہ آم قد و قامت کا بڑا رنگ چمپئی پوست باریک تخم خورد۔ پر مغز۔ بے ریشہ شیرین۔

نمبر	نام درخت	وزن	ایام پختگی	قیمت	کیفیت
۲۶	افور - مرراپتی - ہاپس پیپری - پیٹرس بنگلور	یکپاؤ	جولائی ساون	۴ر	پوست باریک گلابی وسفید - خوشبو دار پختہ ابنہ رکہدینی سے نہایت عمدہ تازہ قدری چاشنی دار بلیغ لذید نفیس دیرپا - بنگلور کا نہایت مشہور ابنہ ہے یہ سب نام اس ایک ہی آم کے ہین دیگر کارخانون مین اسکے قلم کی قیمت دو روپیہ مقرر ہے ۔
۲۷	الفن	ایکپاؤ	جون اساڑہ	۸ر	یہ آم ایک قسم کا بمبئی ہے - شیرین - صاف - ریشہ بالکل نہین - نہایت پُر مغز نفیس شیرین
۲۸	بنگالہ ملک افضل خان	ایک سیر	جون اساڑہ	۴	شیرین بکثرت پہلنے والا بو باس کا اچہا رس دار چہاتی پر ریشہ رکہتا ہے ۔
۲۹	بتیا برکت اللہ خان	آدہ پاؤ	جولائی ساون	مفت	پوست باریک تخم خورد بے ریشہ خستہ - شیرین لذیذ دیرپا بکثرت پہلنے والا - ڈنہٹر مین اسکے ہلدی کی بو کسیقدر آتی ہی یہہ درخت قصبہ شاہ آباد مین ایک پٹہان کے قبضہ مین تہا اور انکو اس درخت کی قلم دینا منظور نتہا راقم نے بہت وقت سے حاصل کرکے اسکی یہی قیمت مقرر کی ہی - کہ جو صاحب کارخانہ ہذا سے بمبلغ پچیس روپیہ کے قلم خرید کرینگی بشرط موجودگی حسب الطلب ایک قلم مفت دیا جاویگا - مگر اس قلم کا ملنا وہ صاحب کسی حق کمیشن غیرہ مین خیال نفرماوین صرف خالصاً جسکی خسّت کیوجہ سے درخت عام کردیا گیا ہی اگر درخت تیار نہوگا تو کارخانہ کسی صاحب کو جو طلب کرینگی نہ دیگا بشرط تیار درخت مل سکتا ہے

۳۰	بانکا بہاگلپور	آدہ سیر	جولائی ساون	عہ	پوست و مغز شنگرفی - شیرین - بوباس نفیس دیرپا - بے ریشہ بکثرت پہلنے والا - قابل قدر حسین شکل لانبا آم ہوتا ہے دیگر کارخانہ مین اسکے قلم کی قیمت دو روپیہ مقرر ہے -
۳۱	بیچو بہاگلپور - بیچو ہمت علے	تین پاؤ	"	عہ	شیرین بے ریشہ تخم خورد نفیس لطیف شاداب بوباس کا اچہا یہہ دونون نام اس ایک ہی آم کے ہین اور دوسرے کارخانہ مین اسکی قلم کی قیمت دو ۲ع روپیہ مقرر ہے -
۳۲	بندرابن - گوپال بہوگ	پون پاؤ	اساڑہ جون	عہ	پوست سبز باریک مغز سرخ شیرین لذیذ قابل قدر یہ دونون نام اس ایک ہی آم کے ہین دیگر کارخانون مین اسکے قلم کی قیمت دو روپیہ مقرر ہے -
۳۳	بادشاہ پسند	ایک سیر	جون اساڑہ	۸ر	شیرین بے ریشہ شکیل پر مغز تخم خورد بکثرت پہلنے والا - عہد شاہی مین اسکا عام سوکا روپیہ سیکڑہ تک فروخت ہوا کرتا تہا - بیل کی بو رکہتا ہے - دیگر کارخانہ مین اسکے قلم کی قیمت ۱۲ر مقرر ہے -
۳۴	بہورا بہاگلپور	ایکپاؤ	ساون جولائی	۲ع	بے ریشہ - شیرین - نفیس - لذیذ خوشگوار - مرغوب پوست باریک - بہمہ صفت موصوف نہایت قابل قدر بکثرت پہلنے والا تخم خورد بوباس کا اچہا -

نمبر	نام درخت	وزن	ایام پختگی	قیمت	کیفیت
۳۵	بھوراا ودہن پور	تین پاؤ	ساون جولائی	عہ ر	پرمغز- شیرین- تخم خورد- بو باس کا اچھا- بکثرت پھلنے والا-
۳۶	بارہ ماسہ شاہ آباد	پون پاؤ	بہادون	۸ ر	شیرین- رس پتلا ایک سال مین تین مرتبہ پھلتا ہے- دیگر کارخانہ مین اسکے قلم کی قیمت دو روپیہ مقرر ہی
۳۷	ببل چش	یکپاؤ	جولائی ساون	عہ ر	پوست باریک پرمغز تخم خورد بے ریشہ رس دار نہایت شیرین بو باس کا اچھا بکثرت پھلنے والا-
۳۸	بیساکھی	تین پاؤ	اپریل بیساکھ	عہ ر	پوست باریک نہایت پرمغز- شاداب- شیرین- بے ریشہ بکثرت پھلنے والا جملہ عیوب سے پاک آب و نمی دل اپریل مین پکتا ہے-
۳۹	بمدری کلکتہ	ایک سیر	اگست بہادون	عہ ر	رنگ سبز- پرمغز- شیرین- تخم خورد بے ریشہ بو باس کا اچھا- بالکل کاغذی لیمو کی بو رکھتا ہے بے حد شیرین لطیف لذیذ لفنیس- بہمہ صفت موصوف-
۴۰	بورھا	آدہ پاؤ	اساڑہ جون	عہ ر	پوست باریک مغز چمپی- پرمغز- شیرین خستہ- تخم خورد بو باس دلفریب بے ریشہ بکثرت پھلنے والا دیرپا- شیرینی مین بمبئی سے بدرجہا بڑھا ہوا اور لطف یہ ہے کہ شیرینی اسکی بیحد صاف-

۴۱	بھوانی چورس مرشدآباد	تین پاؤ	جون اساڑہ	۶ر	پوست باریک بے ریشہ - پُرمغز - تخم خورد - شیرین -
۴۲	بمبئی نمبر۱	ایک پاؤ	جون اساڑہ	۸ر	پوست باریک بے ریشہ - پُرمغز تخم خورد شیرین -
۴۳	بمبئی نمبر۳	ایک پاؤ	〃	〃	شیرین بے ریشہ - خوش ذائقہ بکثرت پھلنے والا - دیگر کارخانہ مین اسکے قلم کی قیمت ۱۲ر مقرر ہی
۴۴	بمبئی نمبر۱۰	آدہ سیر	〃	۱۲ر	رنگ سیاہ پوست گندا - مغز سُرخ نہایت شیرین شاداب - لذیذ -
۴۵	بمبئی سیاہ کلان	ایک پاؤ	〃	۶ر	ممتاز بمبئی ہے مولف کتاب الاثمار نے بہی اسکی تعریف بہت کچہ لکہی ہے -
۴۶	بمبئی زرد	سوا پاؤ	جیٹھہ مئی	۸ر	رنگ زرد نہایت شیرین خوش ذائقہ اوصاف مثل دیگر بمبیون کی رکہتاہی - مولف کتاب الاثمار نے بہی اسکی تعریف لکہی ہی
۴۷	بمبئی چتلی	پون پاؤ	جون اساڑہ	۸ر	رنگ سبز چتّی دار بے ریشہ خوش ذائقہ -
۴۸	بمبئی سیاہ	آدہ پاؤ	〃	۸ر	رنگ سیاہ بے ریشہ شیرین مثل قند سیاہ کی ہے -

نمبر	نام درخت	وزن	ایام پختگی	قیمت	کیفیت
۴۹	بمبئی کلان بمبر ۱۔ منسلو ۲	آدہ سیر	جون اساڑہ	عہ	شیرین لذیذ پُرمغز تخم خورد بے ریشہ بو باس نفیس بکثرت پہلنے والا یہ دونون نام اس ایک ہی آم کی ہین۔ مولف کتاب الاثمار نے بہی اسکی بہت کچہ تعریف لکہی ہے۔
۵۰	بمبئی سبز	آدہ پاؤ	جیٹہ مئی	۸ر	رنگ سبز پوست باریک بے ریشہ پُرمغز شیرین۔
۵۱	بمبئی کلکتہ بمبر ۱۔ مالدہ سنگاپور بمبر ۲	ایک سیر	جون اساڑہ	عہ	پوست باریک بے ریشہ پُرمغز تخم خورد شاداب لذیذ نفیس۔ بکثرت پہلنے والا اصل مین یہ درخت نہ بمبئی ہی اور نہ مالدہ ہے مگر میری سمجہ مین نہین آتا ہے کہ دیگر کارخانہ جات مین اسکے نام کیون کر مقرر ہوے بیشک آبنہ ہی اور یہ دونون نام اس ایک ہی آم کے ہین دیگر کارخانہ مین اسکی قیمت دو روپیہ مقرر ہی۔
۵۲	بمبئی سفید	ڈیڑہ پاؤ	جون اساڑہ	عہ	رنگ سفید پوست باریک پُرمغز بے ریشہ شیرین شاداب بکثرت پہلنے والا خوشہ سے پہلتا ہے۔
۵۳	باغ سنگہار شاہ آباد	آدہ سیر	〃	〃	پوست باریک پُرمغز تخم خورد شیرین لذیذ بے ریشہ دیرپا بکثرت پہلنے والا بو باس کا اچہا۔
۵۴	بے نظیر کاکوری	آدہ پاؤ	جیٹہ مئی	۱۲ر	یہ آبنہ کچا بہی نہایت شیرین ہوتا ہی جب پک جاتا ہی نیلا رس مانند شربت قند کی ہوتا ہی جملہ عیوب سے پاک ہے صفت موصوف ہی

۵۵	بہدیان بہورا	ڈیرہ پاؤ	اگست بہادون	عہ	رنگ بہورا بے ریشہ تخم خورد شیرین۔
۵۶	بہدیان علی باغ	آدہ پاؤ	〃	۸ر	رس پتلا گودا سفید پال کا اچھا ہوتا ہے اور بکثرت ساتھ خوشہ کے پہلتا ہے۔
۵۷	بہار بوستان۔ باغ بہار	آدہ سیر	اساڑہ جون	عہ	پوست باریک پر مغز بے ریشہ شیرین تخم خورد بے ریشہ لذیذ بوباس کا نفیس بکثرت پہلنے والا دونون نام اس ایکہی آم کے ہین
۵۸	بہدیان شیر علیخان	ایک سیر	اگست بہادون	۱۲ر	رنگ سبز مغز سفید بے ریشہ شیرین پال کا بہ نسبت ڈال کے بہت اچھا ہوتا ہے نہایت خوبصورت ہمیشہ خوشہ مین پہلتا ہے
۵۹	بہدیان شربتی۔ بہدیان ہردوئی	آدہ سیر	〃	۱۲ر	نہایت شیرین ریشہ بالکل نہین ذائقہ بہت اچہا رس دار مانند شربت شکر کے یہ دونون نام اس ایکہی آم کے ہین
۶۰	بہدیان قدرت اللہ خان	سوا پاؤ	〃	۱۲ر	رنگ سیاہ پوست باریک نہایت شیرین رس پتلا بہت اخیر تک رہتا ہے دیگر کارخانہ مین اسکی قلم کی قیمت ۸ مقرر ہے
۶۱	بہدیان کنور بہاڑی کنور بہاڑے نیلا بہدیان نمبر ۲	ڈیرہ پاؤ	〃	عہ	رنگ نیلا پوست باریک مغز زرد بے ریشہ شیرین۔ شاداب بکثرت خوشہ سے پہلنے والا بہمہ صفت موصوف یہ سب نام اس ایکہی آم کے ہین دیگر کارخانہ مین اسکے قلم کی قیمت دو روپیہ مقرر ہے

نمبر شمار	نام درخت	وزن	ایام پختگی	قیمت	کیفیت
۶۲	بھدیان لانبا بھاگلپور ہلسا پتی ۲	ایک سیر	اگست بھادون	۴؍	پوست باریک مغز سرخ بے ریشہ۔ شیرین دیرپا لذیذ درخت مین نیچے سے پکنا شروع ہوتا ہی اوپر کی پکنے تک نیچے کا حصہ سڑ جاتا ہے پال مین بہت اچھی طرح پکتا ہی یہ دونون نام اس ایک ہی آم کے ہین دیگر کارخانہ مین اسکی قلم کی قیمت دو روپیہ مقرر ہے
۶۳	بنگالہ مچھ خان۔ بنگالہ منیوالے والا				
۶۴	بھدیان گول بھاگلپور	ڈیڑھ سیر	جولائی ساون	۴؍	یہ آم صورت کا نہایت حسین رنگ زرد باریک پوست مغز چمپئی تخم خورد بے ریشہ پرمغز شیرین شاداب لذیذ بوباس نفیس مگر یہ صفتین پال کی آم مین ہوتی ہین ڈال کا قدری چاشنی دار ہوتا ہی پال مین زیادہ کپنے سے جب اوسکی اوپر سیاہ داغ سرخ کے پڑ جاوین اوسوقت نہایت مرغوب اور بے مثل ہو جاتا ہے اور لطف یہ ہی کہ اتنا بڑا انبہ اور خوشہ سے پہلتا ہی دیگر کارخانہ مین اسکی قیمت دو روپیہ ہی مولف کتاب الاثمار نے بھی اسکی تعریف بہت کچھ لکھی ہے
۶۵	بھدیان رازہی بھاگلپور	ایکپاؤ	بھادون اگست	۴؍	پوست باریک رس تپلا مغز سفید شیرین بکثرت پہلنے والا۔ بوباس نفیس۔
۶۶	بھدیان دوساڈہ۔ دوساڈہ بھدری	ایک سیر	؍؍	؍؍	پرمغز دیرپا شیرین اخیر بھادون سے پکنا شروع ہوتا ہے یہ دونون نام اس ایک ہی آم کے ہین دیگر کارخانہ مین اسکے قیمت دو روپیہ مقرر ہے۔

۶۷	بهدیان و وارکاداس	آدہ سیر	بھادون اگست	۴ر	پوست باریک تخم خورد بے ریشہ شیرین بوباس نفیس۔
۶۸	بهدیان مهمند ا بهدیان قاسم والا۔ گولہ مصطفے والا	آدہ سیر	"	۴ر	رنگ سبز پوست باریک تخم خورد نہایت پُرمغز بے ریشہ پرتن بوباس کا اچھا کثرت سے پہلنے اخیر بھادون سے پکنا شروع ہوتا ہے اور کنوار تک رہتا ہے یہ سب نام اس ایک ہی آم کے ہین۔
۶۹	بهدیان قصبہ پالی	آدہ سیر	"	۴ر	پوست باریک تخم خورد بے ریشہ نہایت لذیذ دیرپا۔ خوشبو قدری انناس کی بوآتی ہے اور پہلتا بہی کثرت کے ساتھ یہہ نصف کنوار تک رہتا ہے۔
۷۰	بهدیان سوکل	آدہ سیر	"	"	شیرین شاداب نفیس مرغوب الطبع پُرشیرہ دیرپا دیگر کارخانہ مین اسکی قیمت دو روپیہ مقرر ہے۔
۷۱	بهدیان دیال سنگھ	"	"	"	شیرین بے ریشہ بکثرت پہلنے والا بوباس کا نفیس لذیذ آخر بھادون سے پکنا شروع ہوتا ہے۔
۷۲	بهدیان باسط نگر	ایک پاؤ	"	"	بے ریشہ پرمغز نہایت شیرین نفیس لذیذ۔ خوش گوار۔ دیرپا نصف ماہ کنوار ختم ہوجانے پر پختہ ہونا شروع ہوتا ہے اور کثرت سے پہلتا ہے۔

نمبر	نام درخت	وزن	ایام پختگی	قیمت	کیفیت
۷۳	بہدیان سوہر سوہاگ بہندیان ۔ موہن ٹھاکر				
۷۴	بونڈی دار منالال	ایک سیر	اساڑہ جون	۸ر	رنگ سفید زردی مائل پوست باریک پرمغز شیرین بے ریشہ تخم خورد شکیل ۔
۷۵	بونڈی دار کلکتہ	ایک سیر	اساڑہ جون	۶ر	پوست زرد ۔ چمپئی بے ریشہ ۔ شیرین ۔ بو باس کا اچھا منظور نظر ۔
۷۶	پتھریا بیلی پہیت ۔ حضور کے پسند				
۷۷	پنجیرہ	دو سیر	اساڑہ جون	۶ر	یہ آم قدو قامت کا بہت بڑا ریشہ بالکل نہیں پوست باریک تخم خورد ۔ ذائقہ نہایت اچھا پنجیرہ اسکا نام اسوجہ سے ہوا کہ عہد شاہی کی پنجیری دیہات کی انگریزی دو سیر کی برابر ہوتی تھی ۔
۷۸	بلویا ترائی				
۷۹	ہتیلیا جمعہ خان	آدہ پاؤ	اساڑہ جون	۸ر	پوست باریک بے ریشہ ۔ شیرین ۔ پرمغز ۔ سُرخ ۔ تخم خورد ۔ خوش ذائقہ ۔ دیرپا بکثرت پہلنے والا شاہ آباد کا قدیم مشہور انبہ ہے ۔

۸۰	تہلیامنالال	ڈہائی پاؤ	اساڑہ جون	۴؍	رنگ سیاہ پوست باریک بے ریشہ۔ شیرین۔ تخم خورد۔ پرمغز۔ نفیس لذیذ۔ بکثرت پہلنے والا۔
۸۱	تہلیا شاہ آباد تہلیا بیگم صاحبہ	تین پاؤ	″	۱۲؍	صورت کا حسین ذائقہ اچھا بے ریشہ مٹھائی صاف قابل قدر یہ دونون نام اس ایک ہی آم کے ہین کارخانہ دیگر مین یکروپیہ اسکے قلم کی قیمت ہے۔
۸۲	تینچہ	آدہ سیر	″	۴؍	پوست باریک پرمغز۔ بے ریشہ۔ شیرین۔ حسین۔ بشکیل۔ بالکل صورت تینچہ کی رکہتا ہے دیگر کارخانہ مین اسکے قلم کی قیمت ۴؍ مقرر ہے۔
۸۳	نکریا باسط نگر	ڈیڑہ پاؤ	″	۱۲؍	رنگ زرد پوست باریک تخم خرد بے ریشہ۔ شیرین۔ لذیذ۔ بوباس کا اچھا غیر نبی مین بمبئی سے سبقت لیگیا ہے مگر یہ صفتین جب ہوتی ہین کہ جب پختہ آم اسقدر رکہا جاوی کہ جب پوست پر شکن پڑجاوین۔
۸۴	ثمر قند	ایک سیر	ساون جولائی	۴؍	شیرین۔ نفیس۔ لذیذ۔ پرمغز۔ بوباس کا اچہا۔ بکثرت پہلتا ہے۔
۸۵	ثمر بہشتی علی بلاغ	ڈہائی پاؤ	″	۴؍	یہ انبہ بہمہ صفت موصوف ہے۔ صورت کا پاکیزہ پوست کا باریک بے ریشہ۔ شیرین۔ شاداب۔ رس دار بوباس کا نہایت عمدہ جس آم کی بعینہ تراشا جاوی قابل مدح کرہے کارخانہ دیگر مین اسکے قلم کی قیمت مبلغ تین روپیہ مقرر ہے

نمبر	نام درخت	وزن	ایام پختگی	قیمت	کیفیت
۸۶	ثمر بہشت رامپور	آدہ سیر	ساون جولائی	۴ر	مغز سفید - نہایت شاداب نفیس - سرو - پلپ بے ریشہ تازہ ڈال کا چاشنی دار تین روز پختہ آم رکھنے سے نہایت خوش ذائقہ بے مثل ہوجاتا ہے مگر پال کا نہایت اچھا ہوتا ہے اور لطف یہ ہے کہ آم مین جامن کا مزہ ہوتا ہے نواب کلب علیخان صاحب والی ریاست رامپور نے اس درخت کو مبلغ پانچہزار روپیہ کو خرید کیا اونہین کے فیض سے یہ آم عام ہوا اصل اسکا کرانہ مین ہے -
۸۷	ثمر طوبا - مکھن				
۸۸	جاوا	ایک پاؤ	اساڑہ جون	۱۲ر	پوست باریک بے ریشہ شیرین -
۸۹	جالے بند نوبتہ - جالی بند کاکوری	آدہ سیر	″	۴ر	پوست باریک بے ریشہ تخم خورد شیرین - لذیذ - خوشگوار - مرغوب طبع - لطیف - دیرپا یہ دونون نام اس ایک ہی آم کے ہین -

۹۰	حالی بند ہالا نبا	ایک سیر	جولائی ساون	″	رنگ سبز۔ پوست باریک۔ مغز زرد۔ تخم خورد۔ بے ریشہ نہایت شیرین۔ لیح۔ لذیذ بہا گلپور کا مشہور انبہ ہے دیگر کارخانہ مین دو روپیہ اسکی قیمت ہے مولف کتاب الاثمار نے بہی اسکی بہت کچہ تعریف لکہی ہے۔
۹۱	جالی بندہا گول	تین پاؤ	″	۱۲ر	شکل بیضاوی رنگ سبز پوست موٹا ذائقہ نفیس۔ شیرین۔ مولف کتاب الاثمار نے بہی اسکی تعریف لکہی ہے دیگر کارخانہ مین اسکے قلم کی قیمت ایکروپیہ مقرر ہے۔
۹۲	جہنکرہا	آدہ سیر	اساڑہ جون	عہ ر	رنگ زرد پوست باریک۔ شکل بیضاوی۔ بے ریشہ۔ تخم خورد۔ بوباس نفیس۔ لذیذ۔ بکثرت پہلنے والا
۹۳	جان سیین	ڈیڑہ پاؤ	″	″	رنگ سفید پوست باریک بے ریشہ تخم خورد شیرین۔ نفیس خستہ لذیذ مغز سرد کہانے مین خنکی معلوم ہوتی ہے کارخانہ دیگر مین اسکے قلم کی قیمت دو روپیہ ہے۔
۹۴	چکیا قصبہ پالی	″	″	″	پوست متوسط۔ پُر مغز۔ تخم خرد۔ شیرین بے ریشہ بوباس کا اچہا۔
۹۵	چک چکیا	″	ساون جولائی		صورت کا خوبصورت ایک جانب سرخ دیگر جانب سبز ذائقہ نہایت اچہا۔ شیرین بے حد۔ نفیس لذیذ مغز لطیف مولف کتاب الاثمار نے بہی اسکی بہت کچہ تعریف اپنی تصنیف کتاب الاثمار مین لکہی ہے

نمبر	نام درخت	وزن	ایام پختگی	نرخ فی صد	کیفیت
۹۶	چینی شکر چنبہا	ایک پاؤ	ساون جولائی	عہ	نہایت شیرین اور بے ریشہ پوست کا باریک پرمغز تخم خورد لذیذ بو باس کا اچھا مولف کتاب الاثمار نے بھی اسکی تعریف اپنی کتاب مین لکھی ہے۔
۹۷	چینی شکر گول	ایک پاؤ	"	عہ	شیرین لذیذ بے ریشہ نفیس۔ خوشگوار۔ مولف کتاب الاثمار نے بھی اسکی تعریف بہت کچھ لکھی ہے
۹۸	چھیلا	تین پاؤ	اساڑھ جون	عہ	شکل کا نہایت حسین۔ پوست باریک رنگ زرد مغز سُرخ چپاتی پر ریشہ رکھتا ہے۔
۹۹	چوناھا	ایکسیر	ساون جولائی	عہ	پوست باریک پُرمغز تخم خورد۔ شیرین بو باس کا اچھا۔ شاداب۔ لذیذ نہایت حسین۔ شکیل خوبصورت گول اتنہ کثرت سے پھلتا ہے۔
۱۰۰	چپٹا گھنا باغ	آدہ سیر	اساڑہ جون	عہ	رنگ زرد پوست باریک پُرمغز تخم خورد بے ریشہ شیرین لطیف نفیس لذیذ دیرپا بکثرت پہلنے والا خوبصورت قابل پسند بو باس کا اچھا۔
۱۰۱	چمپا	آدہ سیر	"	عہ	رنگ چمپئی پوست نہایت باریک بے ریشہ خستہ۔ پُرمغز تخم نہایت خورد مغز مانند گل چمپا۔ شیرین۔ لذیذ مرغوب بکثرت پہلنے والا نخپتہ آم زمین پر گر کر ٹکڑے ہوجاتا ہے۔

۱۰۲	جیب پسند۔ کالی آمن	ایک پاؤ	بہادون اگست	۸ر	شیرین رس پتلا خوشبو سوندھی کیسقدر نرم ریشہ چاتی پر رکھتا ہے یہ دونون نام اس ایک ہی آم کے ہین
۱۰۳	حب نبات	ایک پاؤ	ساون جولائی	۸ر	نہایت درجہ کا شیرین۔ پوست باریک بے ریشہ۔ پرمغز۔ پندرہ روز رکھنے سے آم خراب نہین ہوتا مگر بیل کی آتی ہے
۱۰۴	حلوا پاٹھک والا	دو سیر	"	عہر	رنگ سبز۔ پوست گندہ۔ پرمغز۔ نہایت شیرین شاداب تخم خورد بے ریشہ شکل کا حسین لذیذ جس باغ مین درخت اسکا پہلا ہو اوسکی رونق ہو جاوے اور لطف یہ ہی کہ اتنا بڑا آم اور کثرت سے پہلتا ہی مگر بیل کی بو آتی ہے
۱۰۵	حلوا غلام حسین خان۔ حلوا خاص پور	ایک سیر	اساڑہ جون	عہر	پوست باریک بے ریشہ تخم خورد پرمغز شیرین لذیذ۔ بوباس کا اچھا کثرت سے پہلنے والا یہ دونون نام اس ایک ہی آم کے ہین
۱۰۶	حلوا افضل حسین خان	ایک پاؤ	"	عہر	پوست باریک بے ریشہ تخم خورد پرمغز۔ شیرین لذیذ۔ بوباس کا اچھا۔ کثرت سے پہلنے والا شاداب ہیچ۔
۱۰۷	خرپزہ ڈاندا باغ				
۱۰۸	خاتمہ بالخیر				

نمبر شمار	نام درخت	وزن	ایام پختگی	قیمت	کیفیت
۱۰۹	خربزہ باسط نگر	ایک پاؤ	ساون جولائی	۱۲/	رنگ زرد پوست کاغذی پر مغز نہایت شیرین لذیذ پھلتا بکثرت ہے بو باس کا اچھا پختہ آم توڑ کر کہدینی سے اوسوقت اور بھی زیادہ لذیذ ہو جاتا ہے جب کہ پوست پر شکن پڑ جاوے یعنے پال کا اور بھی اچھا ہوتا ہے۔
۱۱۰	خربزہ محی الدین نگر۔ بلند خان کا خربزہ درمان شاہ	ایک سیر	ساون جولائی	۶/	پوست باریک پر مغز بے ریشہ تخم خورد شیرین شاداب لذیذ بو باس نفیس یہ سب نام اس ایک ہی آم کے ہین۔
۱۱۱	خاص پسند	تین پاؤ	//	//	پوست باریک تخم خورد۔ نہایت پر مغز بے ریشہ۔ شیرین شاداب لذیذ نفیس مرغوب الطبع بیحد پھلنے والا بہمہ صفت موصوف
۱۱۲	دلشاد	ایک سیر	ساون جولائی	۸/	پوست سبز و بیز ریشہ دار معمولی۔
۱۱۳	دیوفی۔ دیوفی عطاء اللہ دیوفی واصل خان	آدہ سیر	ساون جولائی	۸/	رنگ سیاہ زردی مائل پوست باریک پر مغز بے ریشہ تخم خورد شیرین نفیس لذیذ یہ سب نام ایک ہی آم کے دیگر کارخانہ مین اسکے قلم کی قیمت ۱۲/ مقرر ہے۔

۱۱۴	دودھیابھاگلپور	ایک سیر	بھادون اگست	ع۴	پوست شیرین بے ریشہ پرمغز- شیرین- دیرپا- خوش ذائقہ نہایت لذیذ قابل قدر مثل انبہ ہے نیچے کے حصہ مین ایک نوک نکلی اس انبہ مین ہوتا ہے آخر بھادون سے پکنا شروع ہوتا ہے دیگر کارخانہ مین اسکے قلم کی قیمت دو روپیہ مقرر ہے۔
۱۱۵	دیو	سوا سیر	ساون جولائی	۸ر	رنگ سفید نہایت شکیل بیحد خوبصورت جتنا صورت کا اچھا ہے اوتنا ہی سیرت کا برا ہے۔
۱۱۶	دودھیا شاہ آباد ۱ بھوشاہ آباد ۲				
۱۱۷	دوار کا نمبر ۱	ایک سیر	ساون جولائی	ع۴	شیرین خوش ذائقہ نفیس لذیذ شکیل حسین انبہ ہے دیگر کارخانہ مین اسکے قلم کی قیمت دو روپیہ ہے اخیر ساون سے پکنا شروع ہوتا ہے مولف کتاب الاثمار نے بھی اسکی تعریف لکھی ہے۔
۱۱۸	دوار کا نمبر ۲	تین پاؤ	ساون	ع۴	نہایت خوش مزہ قابل قدر شیرین بے ریشہ مولف کتاب الاثمار نے بھی اسکی تعریف لکھی یہ آم بہت ہی کثرت سے پھلتا ہے۔

نمبر شمار	نام درخت	وزن	ایام پختگی	قیمت	کیفیت
۱۱۹	دو فصلہ	ادہ سیر	کنوار ستمبر	۴/	یہ انبہ ایک سال مین دو مرتبہ پہلتا ہے ایک بار شامل سب آمون کے پہاگن مین پہولتا ہے اور اساڑہ مین پہلتا ہی دوسری بار جیٹھہ مین پہلتا ہی اور کنوار مین پکتا ہی شیرین خوش ذائقہ بے ریشہ پوست باریک بکثرت پہلنے والا بو باس کا اچہا
۱۲۰	دہرم ساو	ایک سیر	ساون جولائی	۴/	یہ آم صورت کا حسین شکل کا گول بو باس کا اچہا بے ریشہ پر مغز قابل دید بکثرت پہلنے والا - ڈال کا چاشنی دار - پال کا بیحد شیرین -
۱۲۱	ڈہولا شاہ	تین پاؤ	بہادون اگست	۸/	یہ آم بکثرت پہلتا ہے کسیقدر ریشہ جہاتی پر رکہتا ہی تازہ ترش پالکا بیحد شیرین اور لذیذ ہوتا ہی -
۱۲۲	ڈنڈا ویدار علی خان	آدہ پاؤ	اساڑ جون	۸/	رنگ سبز پوست باریک بے ریشہ تخم خورد - شیرین بو باس کا اچہا -
۱۲۳	راحت روح	آدہ سیر	〃	〃	رنگ سپید و ریہ بیحد حسین نصف حصہ نیچے کا زرد باقی سرخ تازہ قدرے ترش پالکا بہت با مزہ اور شیرین لذیذ ہو جاتا ہی دیگر کارخانہ مین اسکی قیمت ۱۲/ مقرر ہے -

۱۲۴	رام کیلہ	آدہ سیر	بہادون اگست	۶ر	رنگ کاہی پوست متوسط پرمغز شیرین لذیذ بے ریشہ دیرپا اسمین شہتوت کی بو آتی ہے اخیر بہادون سے پکنا شروع ہوتا ہے اور کنوار تک رہتا ہے۔
۱۲۵	روشن طباق لانبا	ادہ سیر	اساڑہ جون	۱۲ر	شیرین لذیذ خوش ذائقہ اہل بہاگلپور تحریر کرتے ہین کہ دہومتا کی بو آتی ہے دریافت کرنے سے معلوم ہوا کہ بنگالی زبان مین دہومتار ال کو کہتے ہین۔
۱۲۶	رونق باغ	دو سیر	״	۶ر	پوست باریک پرمغز شیرین بے ریشہ شاداب لذیذ بو باس کا اچہا۔
۱۲۷	رنجکدان الہ پور	ایکپاؤ	״	۱۲ر	پوست باریک مغز سرخ بے ریشہ نہایت شیرین لذیذ بو باس نفیس بکثرت پہلنے والا۔ دیرپا۔ بہمہ صفت موصوف ہے۔
۱۲۸	رنجکدان کلکٹر صاحب	ایک سیر	اساڑہ جون	۶ر	یہ لانبا آم ایک جانب کو خمدار پوست باریک بے ریشہ پرمغز تخم خورد نہایت شیرین شاداب لذیذ بو باس کا اچہا حسین

نمبر	نام درخت	وزن	ایام پختگی	قیمت	کیفیت
۱۲۹	زنبور جیس	آدھ پاؤ	اسارھ جون	۸/	پوست باریک بے ریشہ تخم خورد شیرین پُر مغز۔ لذیذ نفیس۔ شربتی لیموں کی بو بکثرت آتی ہی اکثر آم اسکا بہترین کہا جاتی ہین ۔
۱۳۰	زرد آلو	ڈیرہ پاؤ	//	۶/	پوست کاغذی رنگ خام پر سفید۔ پختہ ہونے پر چمپئی نہایت خستہ لذیذ۔ نفیس۔ شیرین بو باس دلفریب بکثرت پہلنے والا دیرپا مرغوب الطبع بہت مشہور معروف ابنہ ہی اصل قلم اسکا نواب مرشد آبادنے راجہ رحمت علیخان بہادر والی کہرگ پور کو تحفہ مین دیا تہا اوسی درخت سی یہ آم عام ہوا دیگر کارخانہ مین اسکے قلم کی قیمت دو روپیہ ہے ۔
۱۳۱	زعفران بیر علی	آدہ سیر	//	//	شیرین خوش ذائقہ نفیس لذیذ پر مغز تخم خورد پوست باریک بو باس کا اچہا۔
۱۳۲	زعفران ا۔ زعفران باسط نگر ۲۔ سرکار پسند ۳۔ زعفران شاہ آباد کے	[illegible]	//	//	پوست باریک رنگ زرد سرخی مایل بے ریشہ شیرین ۔ نفیس ۔ خوشبو دار مغز زعفرانی لذیذ خوش ذائقہ پر مغز تخم خورد بکثرت پہلنے والا دیرپا۔ بہمہ صفت موصوف تخم پر اسکی لکیرین ہوتی ہین ۔ خاص قصبہ شاہ آباد کی آمون مین سلطان ابنہ شمار کیا جاتا ہی زندگی مین نواب دوست علیخان رئیس اعظم قصبہ شاہ آباد کی یہ آم عام نہیں ہوا یہ سب نام اسی ایک آم کے ہین ۔

١٣٣	زعفران میر اعتماد علے				
١٣٤	زرد دانا پور	آدہ پاؤ	جیٹھ		خوش رنگ۔ خوش ذائقہ۔ بے ریشہ۔ سوبا آم ہے۔ مولف کتاب الاثمار نے بہی اسکی تعریف لکھی ہے۔
١٣٥	سُرخہ برکت اللہ خان	ادہ سیر	ساون جولائی	۸ر	شیرین بو باس کا اچہا بے ریشہ۔
١٣٦	سرخہ دیدار علیخان	”	اساڑہ جون	١٢ر	پوست باریک تخم خورد پُر مغز بے ریشہ شیرین عمدہ پہلنے والا مگر سُوے کی بو آتی ہے۔
١٣٧	سرخہ باسط نگر	تین پاؤ	”	۸ر	حسین خوش رنگ بے ریشہ اوسط درجہ کا معمولی ابتہ ہے بہ نسبت سیرت کے صورت کا اچہا ہے
١٣٨	سرخہ درگا پرشاد	”	”	٦ر	شیرین بے ریشہ تخم خورد پُر مغز شاداب خوش ذائقہ حسین لذیذ کیسقدر کم پہلتا ہے۔
١٣٩	سرخہ خالص پور[۱] امرتی[۲]	پون پاؤ	”	”	رنگ سبز سُرخی مائل مغز زعفرانی۔ شیرین۔ شاداب۔ دیرپا پر مغز بے ریشہ۔ تخم خورد۔ بو باس نہایت اچھی بہمہ صفت موصوف یہ دونون نام اس ایک ہی آم کے ہین۔

نمبر	نام درخت	وزن	ایام پختگی	قیمت	کیفیت
۱۴۰	سرخہ گھنا باغ	یک پاؤ	اسارہ خون	۱۲ر	رنگ سرخ بے ریشہ پُرمغز تخم خورد۔ شیرین بو باس کا اچھا بکثرت پھلنے والا۔
۱۴۱	سرخہ نواب مقصود علیخان	ایک سیر	اساڑہ جون	عہ	رنگ سرخ پوست باریک پرمغز شیرین شاداب لذیذ دیرپا تخم خورد بے ریشہ بو باس کا اچھا خوشگوار جملہ عیوب سے پاک۔
۱۴۲	سرخہ حکیم محی الدین خان	ایک پاؤ	"	۸ر	یہ آم ہمشکل سیب کے ہی اگر سیب کی ٹوکری مین ڈالدیا جائے تو شناخت مشکل ہی۔ پوست باریک ریشہ گدار۔ صورت کا حسین شیرین۔ اچھا پھلنے والا۔
۱۴۳	سرخہ شیخ علی محمد ۱ سرخہ شیخ منور علی ۲	ایک سیر	"	عہ	رنگ سرخ پوست باریک پرمغز بے ریشہ تخم خورد شیرین شاداب لذیذ بو باس نفیس دیرپا۔ مرغوب الطبع نہایت قابل قدر یہ دونون نام اس ایک آم کے ہین۔
۱۴۴	سرخہ مہدی علیخان	ڈیڑھ پاؤ	"	۸ر	صورت کا پاکیزہ پوست باریک رنگ سرخ تخم خورد بے ریشہ شیرین بو باس کا اچھا۔
۱۴۵	سرخہ نثار علیخان	آدہ سیر	"	عہ	شیرین رس دار بے ریشہ پرمغز پوست باریک تخم خورد دیرپا بو باس کا نفیس لذیذ خوشگوار حسین

۱۴۶	سُرخہ اودھن پور	آدہ سیر	ساون جولائی	عہ	رنگ سرخ پوست باریک پرمغز بے ریشہ تخم خورد شیرین شاداب لذیذ بو باس کا نفیس بکثرت پھلنے والا۔
